بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نمبر: 1464/GR　　　　**سرکلر**　　　　مورخہ: 09-08-2024

جناب پرنسپل / ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس،

الحاق شدہ جملہ ہائی / ہائیر سیکنڈری سکولز،

فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ۔

عنوان:۔ **امتحان میٹرک پارٹ اول (نہم) سالانہ 2024 میں پاس / 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر طلبہ کی ری ایڈمشن کی تاریخ اور رجسٹریشن آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں جمع کروانے کا شیڈول**

اسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مطلع کیا جاتا ہے کہ نہم جماعت میں ری ایڈمشن کے لئے درج ذیل شیڈول منظور کیا گیا ہے:

نمبر شمار	نہم کلاس میں ری ایڈمشن طلباء و طالبات کی آن لائن رجسٹریشن، اصل کمپیوٹرائز بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ بورڈ میں وصولی کا شیڈول	ری ایڈمشن فیس فی طالبعلم
1	10-08-2024 تا 09-09-2024	مبلغ -/2100 روپے

وضاحتی نوٹ

1۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ نہم میں پاس / 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر رہنے والے اور صرف رجسٹرڈ ہونیوالے طلبہ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی الحاق شدہ ادارہ میں اپنی مرضی سے پچھلا نتیجہ چھوڑ کراپنے ہی گروپ / کمبی نیشن یا تبدیل کر کے اپنے پہلے سے الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کے تحت ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں نیز پاس امیدواران جو اپنے حاصل کردہ نمبروں سے غیر مطمئن ہونے کے باعث جماعت نہم میں دوبارہ (Re-Admission) ہونے کے خواہش مند ہیں وہ اپنے نتیجہ کی منسوخی کی بابت بیان حلفی اور درخواست (نمونہ بیان حلفی بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ہے) اپنے متعلقہ ادارہ میں ہی جمع کروائیں گے اور ادارہ پاس امیدواران کا بیان حلفی اور درخواست، ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ رجسٹریشن برانچ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

2- ایسے امیدواران جو سابقہ پانچ سال 2020-2024 میں ایک مرتبہ نہم جماعت میں شامل امتحان ہوئے ہوں۔ اس کے بعد کسی بھی سکول میں Re-Admission حاصل کیا ہو اور نہ ہی کسی بورڈ میں میٹرک (پارٹ سیکنڈ) کا داخلہ فارم ارسال کیا ہو ایسے امیدواران کو Re-Admission کی اجازت صرف ایک بار ہی ہوگی۔ واضح رہے کہ Re-Admission کی صورت میں امیدوار پوزیشن کے حصول کا حقدار نہ ہوگا۔

3۔ آن لائن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی بمعہ اصل کمپیوٹرائزڈ بینک چالان دفتر میں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔ مقررہ شیڈول کے مطابق کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی وصول نہ کروانے کی صورت میں مبلغ -/700 روپے یومیہ لیٹ فیس لاگو ہوگی۔

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن
(سیکرٹری)

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ۔

2۔ جملہ سربراہان، ہائی سکولز / ہائر سیکنڈری سکولز فیصل آباد، جھنگ چنیوٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

3۔ داخلی تقسیم